This question paper contains 4 printed pages]

Your Roll No.......................

1665

B.A. (Hons.)—II **D**

URDU—Paper III (*b*)

(Special Study of a Prose Writer : Hali)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : صرف پانچ سوال حل کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

(الف)

شعر سے جس طرح نفسیاتی جذبات کو اشتعالک ہوتی ہیں۔ اسی طرح روحانی خوشیاں بھی زندہ ہوتی ہیں اور انسان کی روحانی

P.T.O.

اور پاک خوشیوں کو اس کے اخلاق کے ساتھ ایسا صریح تعلق ہے جس کے بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ شعرا گرچہ براہ راست علم اخلاق کی طرح تلقین اور تربیت نہیں کرتا لیکن ازروئے انصاف اس کو علم اخلاق کا نائب مناب اور قائم مقام کہہ سکتے ہیں اسی بنا پر صوفیہء کرام کے ایک جلیل القدر سلسلہ میں سماع کو جس کا جزو زاعظم اور رکن رکین شعر ہے وسیلہء قرب الٰہی اور باعث تصفیہء نفس و تزکیہء باطن مانا گیا ہے۔

(ب)

الغرض شیخ نے مدرسہء نظامیہ میں جا کر تحصیل علم شروع کی اور جیسا کہ بوستاں میں اُس نے تصریح کی ہے، وہاں سے اُس کے لئے کچھ وظفیہء بھی مقرر ہو گیا تھا۔ بغداد میں جن لوگوں سے شیخ نے پڑھا ہے، اُن میں سب سے زیادہ مشہور اور نام ور

شخص علامہ ابوالفرج عبدالرحمان ابنِ جوزی ہے، جس کا لقب جمال الدین ہے۔ یہ شخص حدیث اور تفسیر میں اپنے وقت کا امام تھا۔ بے شمار کتابیں اس کی تصنیفات سے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اُس نے مرتے وقت وصیّت کی تھی کہ میں نے جن قلموں سے حدیث لکھی ہے، اُن کا تراشہ میرے حجرے میں ہے، مرنے کے بعد جب مجھ کو نہلائیں، تو غسل کے لئے اُس تراشے سے پانی گرم کریں۔ چناں چہ اُس کی وصیّت کے موافق عمل کیا گیا اور پانی گرم ہوکر، کچھ تراشہ بچ رہا۔

۲۔ حالؔی کی نثر کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۳۔ ''مقدمہ شعروشاعری'' اردو تنقید کی پہلی کتاب ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ لکھئے۔

۴۔ ''حیات سعدی'' کی روشنی میں حالی کی سوانح نگاری پر ایک مضمون لکھیے۔

۵۔ ''حیات جاوید'' پر اظہار خیال کیجیے۔

۶۔ ''یادگار غالب'' کی ادبی اہمیت بیان کیجیے۔

۷۔ حالی کی مکتوب نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

۸۔ حالی کی ادبی اہمیت اجاگر کیجیے۔